کہ اسپیکر کی کرسی کا احترام ایوان کی روایت اور قواعد کا تقاضا ہے، اس لیے چیئر کے کنڈکٹ کو چیلنج کرنا مناسب نہیں۔ انہوں نے اپوزیشن کو تنقید برائے تنقید چھوڑ کر عوامی فلاح کے لیے مثبت کردار ادا کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ پوائنٹ اسکورنگ اور مذہبی ٹچ کے ذریعے سیاست کرنے کے بجائے اگر اپوزیشن ایک بھی ڈھنگ کا عوامی کام کر لیتی تو آج اس کی بھی بات ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ جس سے چاہتا ہے خیر کا کام لیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے شر کا کام لیتا ہے۔ جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے عوام کی خدمت کی توفیق دی ہے وہ خدمت کر رہے ہیں، جبکہ جنہوں نے منفی سیاست اور انتشار کا راستہ اختیار کیا ہے وہ اسی راہ پر چل رہے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے فیصل آباد میں محرم الحرام کے دوران خدمات انجام دینے والے وزراء ضلعی انتظامیہ، پولیس، علماء کرام، امن کمیٹیوں اور تمام متعلقہ اداروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کے جان ومال کے تحفظ اور امن وامان کے قیام کے لیے دن رات کام کرنے والے تمام افراد خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام، جلوسوں اور مجالس کی فول پروف سکیورٹی اور عزاداروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے غیر معمولی اقدامات کیے گئے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے خود صوبے بھر کی صورتحال کی لمحہ بہ لمحہ نگرانی کی اور تمام متعلقہ اداروں کو عوام کی خدمت اور امن و امان برقرار رکھنے کے لیے متحرک رکھا۔ عظمیٰ بخاری نے یہ باتیں کابینہ کمیٹی برائے محرم الحرام کے تحت فیصل آباد میں چوک گھنٹہ گھر کے دورے اور پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ اس موقع پر صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان، وزیراعلیٰ پنجاب کے خصوصی مشیر ذیشان ملک، کمشنر مسرت جبیں، آر پی او سہیل اختر، ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر، سی پی او تنویر حسین اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ انہوں نے مرکزی یوم عاشور کے جلوس کا دورہ کیا، جلوس کے منتظمین اور شرکاء سے ملاقات کی، انتظامات کا جائزہ لیا اور عزاداروں میں ٹھنڈے پانی کی بوتلیں اور میٹھا شربت تقسیم کیا۔ انہوں نے جلوس کے روٹس پر اینٹی سموگ گنز کے ذریعے پانی کے چھڑکاؤ کے عمل کا معائنہ کیا جبکہ ہیلتھ اتھارٹی کی جانب سے قائم میڈیکل کیمپ اور عزاداروں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔ عظمیٰ بخاری نے بتایا کہ پولیس، ریسکیو، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ ادارے جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی کے لیے مکمل طور پر متحرک رہے جبکہ صفائی، ٹریفک، سکیورٹی اور دیگر انتظامی امور کی مسلسل نگرانی کی جاتی رہی۔ انہوں نے بتایا کہ فیصل آباد، جھنگ، چنیوٹ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سمیت پورے ڈویژن میں حالات پر امن اور مکمل کنٹرول میں رہے۔ امن کمیٹیوں، علماء کرام، جلوسوں کے منتظمین اور شہریوں نے مثالی تعاون کا مظاہرہ کیا جس پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ان سے اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کو بھی سراہا اور کہا کہ انتظامیہ نے وزیراعلیٰ کے ویژن کو موثر انداز میں عملی جامہ پہنایا۔ وزیر اطلاعات نے سیف سٹی کنٹرول اینڈ مانیٹرنگ سنٹر کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے فیصل آباد، جھنگ، چنیوٹ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ میں جلوسوں اور مجالس کی کیمروں کے ذریعے کی جانے والی مانیٹرنگ کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی انتظامات کی مسلسل نگرانی جاری رہی جبکہ سوشل میڈیا پر ممکنہ مذہبی منافرت پھیلانے والے عناصر پر بھی کڑی نظر رکھی گئی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ محرم الحرام عقیدت، احترام، صبر، قربانی اور ایثار کا مہینہ ہے۔ واقع ؟ کربلا پوری امت کے لیے صبر، استقامت، قربانی اور حق پر قائم رہنے کا عظیم درس ہے۔ انہوں نے علماء کرام سے اپیل کی کہ وہ اپنے خطابات کے ذریعے امن، مذہبی رواداری، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کا پیغام عام کرتے رہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت پنجاب عوام کے جان ومال کے تحفظ، عزاداروں کی خدمت اور صوبے میں امن وامان کے قیام کے لیے آئندہ بھی تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتی رہے گی۔

بقیہ 2

ادویات کی مکمل دستیابی کو یقینی بنایا گیا تھا۔ اس کے علاوہ ڈی ایچ کیو ہسپتال ٹیکسلا کے میڈیکل ہیلتھ کیمپ اور ریسکیو 1122 کی ٹیموں کی موجودگی کا جائزہ لیا اور عزاداران کو فراہم کی جانے والی ابتدائی طبی امداد کے انتظامات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جلوس کے اختتام تک تمام طبی اور ریسکیو ٹیمیں مکمل الرٹ رہیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری طور پر نمٹا جا سکے۔ دورے کے دوران جلوس کے روٹ پر گلاب کے عرق کا چھڑکاؤ، سبیلوں کے قیام اور دیگر سہولیات کا بھی جائزہ لیا گیا، جبکہ بابو ہوٹل کے قریب مرکزی چوک میں جاری عزاداری کے انتظامات کا معائنہ کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے عزاداران کو سہولیات کی فراہمی اور پرامن ماحول برقرار رکھنے کے لیے کیے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے سکیورٹی انتظامات کا بھی تفصیلی معائنہ کیا۔ جلوس کے تمام ملحقہ راستوں کو جلوس کے اختتام تک مکمل طور پر بند رکھا گیا تھا، جبکہ پولیس، ٹریفک پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنے فرائض مستعدی سے انجام دے رہے تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عاشورہ محرم کے اختتام تک تمام ادارے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ فرائض سرانجام دیں تاکہ امن و امان کی فضا برقرار رہے اور عزاداران کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جا سکے۔

بقیہ 3

جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کیں، جس میں ہائی کورٹ میں زیر سماعت آر ڈی اے کے مقدمات کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران کمشنر راولپنڈی نے لاء آفیسر اور متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ عدالتوں میں بروقت جوابات جمع کرانے ، متعلقہ ڈائریکٹوریٹس کے درمیان مؤثر رابطہ برقرار رکھنے اور عدالتی احکامات پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ مقدمات غیر ضروری تاخیر کا شکار نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہر مقدمے کی پیش رفت کی مسلسل نگرانی کی جائے اور ادارے کے مفادات کے تحفظ کے لیے تمام قانونی و انتظامی اقدامات بروقت مکمل کیے جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ذمہ دار افسران پیشہ ورانہ مہارت، دیانتداری اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر راولپنڈی منصور احمد خان، ایڈیشنل کمشنر راولپنڈی زینیا ہمایوں، چیف پلانر، ڈائریکٹر لینڈ، ڈائریکٹر انجینئرنگ، لاء آفیسر آر ڈی اے اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی تمام زیر التواء عدالتی مقدمات کی مؤثر قانونی پیروی، بروقت کارروائی اور قانون کے مطابق جلد از جلد تصفیے کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائے گی تاکہ ادارہ جاتی شفافیت اور عوامی اعتماد کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔

بقیہ 4

دیے، اس مقصد کے لیے 17 ایمبولینسز، 7 فائر ڈیمکلز، 2 ریسکیو ڈیمکلز، 30 ریسکیو موٹر بائیکس اور 12 خصوصی ریسکیو پوسٹیں قائم کی گئی تھیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور مؤثر رسپانس یقینی بنایا جا سکے۔ ضلع مری اور تحصیل کوٹلی ستیاں کے تمام اہم جلوسوں اور مجالس کے مقامات پر ریسکیو وسائل کی پیشگی تعیناتی کی گئی تھی۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 مری انجینئر کامران رشید کی زیر نگرانی تمام ریسکیو ٹیمیں ہائی الرٹ رہیں جبکہ ریسکیو افسران، اسٹیشن انچارجز، امامیہ اسکاؤٹس، ضلعی انتظامیہ، پولیس، محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ اداروں کے شانہ بشانہ فیلڈ میں موجود رہے تاکہ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ تمام ایمبولینسز، فائر ڈیمکلز، ریسکیو ڈیمکلز، مواصلاتی نظام، طبی سامان، ادویات اور حفاظتی آلات کو مکمل طور پر فعال رکھا گیا جبکہ تمام ریسکیورز دوران ڈیوٹی مکمل حفاظتی سامان کے ساتھ مستعد رہے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہر وقت تیار رہے۔ یوم عاشورہ کے دوران ریسکیو 1122 مری نے 373 افراد کو مختلف جلوسوں اور مجالس کے مقامات پر موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد فراہم کی جن میں گرمی، کمزوری، بلڈ پریشر، شوگر اور دیگر معمولی طبی مسائل کا شکار افراد شامل تھے۔ بروقت طبی امداد کی فراہمی کے باعث تمام متاثرہ افراد کی حالت موقع پر ہی بہتر ہو گئی اور انہیں مزید پیچیدگی سے محفوظ رکھا گیا۔ ریسکیو 1122 کا مرکزی کنٹرول روم چوبیس گھنٹے فعال رہا اور ضلعی انتظامیہ، پولیس، محکمہ صحت، امامیہ اسکاؤٹس اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ مربوط رابطہ برقرار رکھا گیا تاکہ کسی بھی ناگہانی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر کامران رشید نے یوم عاشورہ کے پرامن انعقاد پر تمام ریسکیورز، امامیہ اسکاؤٹس، ضلعی انتظامیہ، پولیس، محکمہ صحت اور دیگر معاون اداروں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ریسکیو 1122 مری شہریوں اور عزاداران حسینؑ کی جان و مال کے تحفظ اور بروقت ایمرجنسی سروسز کی فراہمی کے لیے ہمیشہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں اسی جذبے کے ساتھ انجام دیتا رہے گا۔

بقیہ 5

جا ٹکرائی۔ حادثے کے نتیجے میں زوہیب کھوسو شدید زخمی ہو گیا، جسے موقع پر موجود شہریوں نے فوری طور پر ریسکیو کرکے سول اسپتال کندھ کوٹ منتقل کیا اسپتال پہنچنے پر ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹروں نے طبی معائنے کے بعد زوہیب کھوسو کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کر دی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی تھانہ اے سیکشن پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور ضروری قانونی کارروائی کے بعد حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات کا آغاز کر دیا۔ حادثے کی خبر سنتے ہی متوفی کے اہل خانہ اور عزیز و اقارب اسپتال پہنچ گئے ، جہاں کہرام مچ گیا۔ علاقے میں بھی افسوس کی فضا چھا گئی۔ پولیس کے مطابق واقعے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے، جبکہ موٹر سائیکل سوار کے بارے میں بھی معلومات اکٹھی کی جا رہی ہیں۔ مزید قانونی کارروائی پولیس کی جانب سے جاری ہے۔

بقیہ 6

مقدمہ نمبر 513/26 کے مطابق، مقتول محمد علی کے بھائی فرخ سرفراز نے پولیس کو بیان دیا کہ 26 جون کی رات تقریباً 11 بجے وہ اپنے گھر میں موجود تھا کہ دروازے پر دستک ہوئی۔ باہر جا کر دیکھا تو فیضان ولد ممتاز اور علی ساکن ڈھوک چوہان موجود تھے، جنہوں نے محمد علی کو باہر بلانے کا کہا۔ محمد علی اپنے ان دوستوں کی نیت سے بے خبر ان کے ساتھ چلا گیا۔ کافی دیر گزرنے کے باوجود جب محمد علی گھر واپس نہ پہنچا تو اہل خانہ تشویش میں مبتلا ہو گئے۔ اسی دوران مقتول محمد علی نے اپنے بھائی خرم کے واٹس ایپ پر انتہائی مخدوش حالت میں کال کی اور بتایا کہ فیضان اور علی مجھے موہڑہ سیال میں راجہ قیصر کے ڈیرے کے پیچھے کھیتوں میں لے آئے ہیں اور میرے ساتھ جھگڑا کر رہے ہیں، فوری طور پر میری مدد کو پہنچو۔ اطلاع ملتے ہی شکایت کنندہ فرخ اپنے بھائیوں خرم اور عدنان کے ہمراہ فوری طور پر موقع پر پہنچا، جہاں محمد علی اور ملزمان کے درمیان تلخ کلامی جاری تھی۔ بھائیوں کے سامنے ہی ملزم فیضان نے اپنے ساتھی کو للکارا کہ اسے گولی مار دو، جس پر ملزم علی نے 30 بور پستول سے سیدھی گولی چلا دی جو محمد علی کی پشت پر دائیں جانب لگی اور وہ خون میں لت پت ہو کر زمین پر گر گیا، جبکہ دونوں ملزمان رات کے اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اسلحہ لہراتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے۔ زخمی نوجوان کو فوری طور پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان پہنچایا گیا، جہاں تشویشناک حالت کے پیش نظر اسے بینظیر بھٹو ہسپتال راولپنڈی ریفر کر دیا گیا۔ زخمی محمد علی نے ہسپتال میں دیے گئے اپنے ابتدائی بیان میں بھی عمر اور فیضان کو نامزد کیا تھا۔ تاہم، 27 جون کو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے محمد علی زندگی کی بازی ہار گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی گوجرخان پولیس افسران انچارج ایچ آئی یو موقع پر پہنچے اور فرانزک ٹیم نے شواہد حاصل کیے، پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کا پس منظر چند روز قبل ہونے والا معمولی لڑائی جھگڑا اور پرانی رنجش ہے۔ محمد علی کے جاں بحق ہونے کے بعد مقدمے میں دفعہ 302 قتل عمد شامل کر لی گئی ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس کی خصوصی ٹیمیں مختلف مقامات پر چھاپے مار رہی ہیں، جنہیں جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ 7

طبی سہولیات، سیف سٹی مانیٹرنگ، پینے کے پانی اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ متعلقہ افسران نے صوبائی وزیر کو کیے گئے انتظامات پر بریفنگ بھی دی۔ صوبائی وزیر نے ہدایت کی کہ جلوسوں اور مجالس کے اختتام تک تمام متعلقہ ادارے مکمل الرٹ رہیں اور عزاداران کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ امن وامان کی فضا برقرار رکھنے کے لیے باہمی رابطے اور مؤثر کوآرڈینیشن کو یقینی بنایا جائے ۔ انہوں نے انتظامیہ، پولیس، ریسکیو، سول ڈیفنس اور دیگر اداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر ملک صہیب احمد برتھ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں محرم الحرام کے دوران فول پروف سکیورٹی اور بہترین انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ راولپنڈی میں انتظامیہ، پولیس اور تمام متعلقہ ادارے بہترین ہم آہنگی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں، جبکہ جلوسوں اور مجالس کے تمام روٹس پر سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا گیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ محرم الحرام ہمیں امن، صبر، اتحاد اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے ۔ حکومت تمام مکاتب فکر کے تعاون سے پرامن فضا برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مکمل تعاون کریں، افواہوں پر کان نہ دھریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو دیں تاکہ عاشورہ محرم کے تمام اجتماعات پرامن ماحول میں اختتام پذیر ہوں۔

بقیہ 8

حیدر خان نے کہا کہ یوم عاشور حضرت امام حسینؓ اور ان کے جانثار ساتھیوں کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسینؓ نے حق کا پرچم بلند رکھتے ہوئے ظلم، جبر اور باطل کے خلاف ڈٹ کر جدوجہد کی اور صبر، قربانی، استقامت اور اصول پرستی کا ایسا آفاقی پیغام دیا جو رہتی دنیا تک انسانیت کے لیے مشعل راہ رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانی کی بدولت آج اسلام سربلند ہے اور اہل بیت اطہارؓ سے محبت ہمارے ایمان کا لازمی حصہ ہے، جس پر ہر مسلمان کو فخر ہے۔ گورنر پنجاب نے یوم عاشور کے موقع پر عزاداروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے سبیلوں، کھانے پینے اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ایک مثبت اور قابل ستائش اقدام ہے ،جس سے عزاداروں کو سہولت میسر آئی۔ انہوں نے انتظامیہ، پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کی جانب سے کیے گئے مؤثر سکیورٹی انتظامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ عاشورہ کے جلوس مکمل نظم وضبط اور پُرامن ماحول میں اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہیں جو قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بہترین منصوبہ بندی کا ثبوت ہے۔ سردار سلیم حیدر خان نے سرکاری اداروں کے شانہ بشانہ خدمات انجام دینے والے رضاکاروں کو بھی خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ امن وامان کے قیام، عزاداروں کی رہنمائی اور سہولت کاری میں رضاکاروں کا کردار قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن کمیٹیوں، علمائے کرام، مذہبی رہنماؤں، سول انتظامیہ اور تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے باہمی تعاون اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے تعمیری کردار ادا کیا جس کے نتیجے میں یوم عاشور کے اجتماعات اور جلوس پُرامن ماحول میں منعقد ہو رہے ہیں۔ گورنر پنجاب نے اس امید کا اظہار کیا کہ قومی یکجہتی، مذہبی رواداری اور باہمی احترام کے جذبے کو فروغ دے کر ملک میں امن، استحکام اور بھائی چارے کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔

بقیہ 9

مطابق فائر بریگیڈ نے گاڑی میں لگی آگ پر قابو پالیا، گاڑی ہیٹ اپ ہونے کی وجہ سے آگ کی لپیٹ میں آئی۔

بقیہ 10

کرتے رہے۔ مرکزی جلوس کی سکیورٹی کے لیے 5500 سے زائد افسران و اہلکار جبکہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے 1200 سے زائد ٹریفک اہلکار تعینات کیے گئے تھے۔ سیف سٹی راولپنڈی، مرکزی کنٹرول روم اور دیگر ذرائع سے 2000 سے زائد کیمروں کے ذریعے مرکزی جلوس اور دیگر جلوسوں ومجالس کی لمحہ بہ لمحہ مانیٹرنگ کی گئی۔ راولپنڈی پولیس کے افسران و اہلکاروں نے بھرپور مستعدی اور جانفشانی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فول پروف سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جبکہ حکومت پنجاب کی ہدایات اور ایس او پیز پر من وعن عملدرآمد کرایا گیا۔ آر پی او بابر سرفراز الپا اور سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے یوم عاشورہ پر بہترین سکیورٹی انتظامات پر پولیس فورس کو شاباش دی۔ سی پی او نے پاک فوج، رینجرز، ضلعی انتظامیہ، امن کمیٹی، علما کرام، میڈیا نمائندگان، تاجر برادری اور سول سوسائٹی کا امن وامان کے قیام میں تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آئی جی پنجاب عبدالکریم کی ہدایات کے مطابق راولپنڈی پولیس محرم الحرام کے دوران فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے شب وروز کوشاں ہے۔

بقیہ 11

ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے مستونگ اور خاران میں 8 دہشتگردوں کو جہنم رسید کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں نے بروقت کارروائیاں کر کے بلوچستان میں خوارجیوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ محسن نقوی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی جرات اور پیشہ وارانہ مہارت پر قوم کو فخر ہے، قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 12

اور راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی اور ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ نے یوم عاشور کے مرکزی جلوس کی سکیورٹی اور دیگر انتظامات کی خود نگرانی کی۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز، چیف ٹریفک آفیسر، ڈویژنل ایس پیز، ضلعی انتظامیہ، امن کمیٹی، انجمن تاجران اور دیگر اداروں کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ آر پی او اور سی پی او نے جلوس کے روٹ پر پوائنٹ وائز سکیورٹی اور ٹریفک انتظامات کا جائزہ لیا۔ آر پی او بابر سرفراز الپا نے بتایا کہ مرکزی جلوس کی سکیورٹی کیلئے 5500 سے زائد پولیس افسران و اہلکار جبکہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے 1200 سے زائد ٹریفک پولیس افسران و اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 1000 سے زائد رضا کار بھی سکیورٹی انتظامات میں معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے بتایا کہ جلوس میں شریک عزاداروں کو مکمل باڈی سرچ کے بعد داخل ہونے دیا جا رہا ہے جبکہ خواتین کی چیکنگ کیلئے لیڈیز پولیس تعینات ہے۔ شرکا کی میٹل ڈیٹیکٹرز اور واک تھرو گیٹس کے ذریعے اسکریننگ کی جا رہی ہے۔ شہر بھر میں 2000 سے زائد سیف سٹی اور دیگر کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ جاری ہے جبکہ مرکزی جلوس اور مجالس کی نگرانی سیف سٹی اور مرکزی کنٹرول روم سے مسلسل کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر خصوصی پکٹس قائم کی گئی ہیں، بلند عمارتوں پر سنائپرز تعینات ہیں اور سپیشل پٹرولنگ اسکواڈ مختلف علاقوں میں گشت کر رہے ہیں۔ حکومت پنجاب کے ضابطہ اخلاق اور ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے جبکہ راولپنڈی پولیس تمام مکاتب فکر، امن کمیٹیوں، علما، تاجر برادری اور شہریوں کے تعاون سے امن وامان کی فضا برقرار رکھنے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ 13

مطابق اب عماد وسیم نہ تو بچوں کے اخراجات اٹھانا چاہتے ہیں اور نہ ہی ان سے ملاقات یا گفتگو میں دلچسپی رکھتے ہیں تاہم اس کے باوجود بچوں کی تحویل حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہوں۔ اپنے بیان میں ثانیہ اشفاق نے لکھا کہ میرے اور ہمارے بچوں کے ساتھ جو کچھ ہوا، اس کے باوجود وہ ایسے بیانات دے رہے ہیں، پوری دنیا جانتی ہے کہ ان کی موجودہ اہلیہ کے ساتھ تعلق کب شروع ہوا، انہوں نے حمل کے دوران مجھے دھوکا دیا، حمل کے دوران ان کا حد سے زیادہ کنٹرول کرنے والا رویہ میری زندگی کو انتہائی مشکل بنا چکا تھا۔ انہوں نے مزید لکھا کہ جولائی 2025 میں برطانیہ میں ان کے رویے اور گھریلو تشدد کے الزامات کے باعث انہیں گرفتار بھی کیا گیا جبکہ یہ خدشہ بھی تھا کہ وہ میرے بچوں کو مجھ سے الگ کرنا چاہتے ہیں، اس دوران ان کے اہل خانہ کی جانب سے بھی مجھ پر اپنا بیان واپس لینے کے لیے دباؤ ڈالا گیا، جس کے باعث سوشل سروسز کو بھی مداخلت کرنا پڑی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حال ہی میں سوشل ورکرز نے عماد سے پوچھا کہ کیا وہ اپنے بچوں سے بات کرنا چاہتے ہیں لیکن انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا، وہ نہ بچوں سے ملنا چاہتے ہیں اور نہ ہی ان سے بات کرنا چاہتے ہیں مگر میری زندگی کو مسلسل مشکل بنا رہے ہیں تاکہ میں بچوں کو ان کے حوالے کر دوں، ایک ماں ہونے کے ناتے یہ میرے لیے انتہائی تکلیف دہ ہے، اگر آپ کو اپنے بچوں کی پرواہ نہیں تو پھر انہیں دنیا میں کیوں لائے؟ اس کے باوجود لوگوں کو یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ میں نے انہیں بچوں سے ملنے سے روکا حالانکہ یہ حقیقت نہیں، میں اپنے بچوں کا ساتھ کبھی نہیں چھوڑوں گی اور ہر حال میں ان کی حفاظت کروں گی، مجھے امید ہے کہ دنیا ان کا اصل کردار دیکھے گی اور سب جان جائیں گے کہ انہوں نے ہمارے ساتھ کیا سلوک کیا۔ دوسری جانب عماد وسیم نے بھی اس معاملے پر عوامی طور پر اپنا موقف پیش کر دیا۔ انہوں نے انسٹا اسٹوری میں جواب دیتے ہوئے ثانیہ اشفاق کو آخری وارننگ جاری کر دی ہے اور کہا ہے کہ میں نے طلاق اپنی وجوہات کی بنا پر دی تھی اور میری زندگی کا یہ باب اب بند ہو چکا ہے، میری زندگی، میری بیوی اور میرے اہل خانہ کی آپ فکر نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ اہلیہ نائلہ راجہ کو اس تنازع میں شامل کرنا بند کریں، ان کا اس ایشو سے کوئی تعلق نہیں ہے، وہ میری زندگی میں طلاق کے بعد آئی ہیں اور ماضی کو پیچھے چھوڑ کر اپنی زندگی میں آگے بڑھیں۔ عماد وسیم نے سابقہ اہلیہ کو انتباہ کرتے ہوئے یہ بھی کہا ہے کہ حقیقت کو تسلیم کریں اور عوامی سطح پر روز روز یہ ڈرامہ بند کریں، یہ آخری مرتبہ ہے جب میں اس معاملے کا جواب عوامی سطح پر دے رہا ہوں۔

بقیہ 14

امریکا کی جانب سے غیر قانونی طور پر قبضے میں لیے گئے ایک آئل ٹینکر کے ایرانی عملے کے 22 ارکان کو ایرانی سفارت خانے کی کوششوں اور حکومت پاکستان کے سہولت کارانہ اقدامات کے بعد کراچی میں ایران کے قونصل خانے کے نمائندے کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 15

کو قتل کیا گیا تھا۔ مقتولہ کی تدفین کے بعد اس کی قبر کے نشانات مٹا دیے گئے تھے۔ پولیس نے قتل میں ملوث 13 ملزمان کو گرفتار کیا تھا۔ گرفتار ملزمان میں مقتولہ کا والد، بھائی، چچا، سابق شوہر، قبرستان کا سیکرٹری بھی شامل ہے۔ گرفتار ملزمان نے 8 ماہ جیل میں رہنے کے بعد عدالت سے ضمانت حاصل کی تھی۔

بقیہ 16

سمیت دیگر افسران فیلڈ میں موجود ہیں اور جلوس کی سکیورٹی و ٹریفک انتظامات کا مسلسل جائزہ لے رہے ہیں۔ مرکزی جلوس کی سکیورٹی کیلئے 1500 سے زائد افسران و اہلکار جبکہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے 200 سے زائد ٹریفک افسران و اہلکار فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ جلوس کے داخلی راستوں پر واک تھرو گیٹس نصب کیے گئے ہیں جبکہ جلوس اور مجالس میں شرکت کیلئے آنے والے افراد کو مکمل باڈی سرچ کے بعد داخل ہونے کی اجازت دی جا رہی ہے۔ سیف سٹی راولپنڈی اور دیگر ذرائع سے 2000 سے زائد کیمروں کے ذریعے جلوس اور متعلقہ علاقوں کی مسلسل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کنٹرول روم کا دورہ کیا اور متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ پولیس کے مطابق جلوس کے روٹ پر واقع گلیوں، سڑکوں اور دیگر راستوں کو سیل کر دیا گیا ہے جبکہ محرم الحرام کے دوران حکومت پنجاب کے ضابطہ اخلاق اور احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 17

نے کہا کہ ان گدھوں کی قیمت صرف شکل وصورت پر نہیں بلکہ طاقت، رفتار اور کام کرنے کی صلاحیت کے مطابق لگائی جاتی ہے۔ یہاں منڈی میں ہر طرف خریداروں اور بیوپاریوں کا رش دکھائی دیتا ہے، جہاں ہر کوئی بہترین نسل اور طاقتور گدھے کی تلاش میں مصروف نظر آتا ہے۔ اسی دلچسپی نے اس منڈی کو علاقے کی ایک منفرد پہچان بھی بنا دیا ہے۔

بقیہ 18

6500 جبکہ 10 محرم الحرام کو 4000 سے زائد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و جوان تعینات کیے گئے جبکہ 500 سے زائد ٹریفک پولیس اہلکاروں نے ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے فرائض سرانجام دیے۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے خود فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ جلوسوں کو مختلف حفاظتی حصار فراہم کیے گئے جبکہ اہم مقامات اور عمارتوں پر سنائپر کمانڈوز تعینات رہے۔ جلوس کے روٹس پر پرائیویٹ ڈرون اڑانے پر پابندی عائد کی گئی جبکہ ایس ڈبلیو اے ٹی کمانڈوز، ڈیلٹا فورس، ریڈزون کمانڈوز، اے پی سی یونٹس، سی ٹی ڈی، ضلعی پولیس اور رینجرز کے خصوصی دستے بھی تعینات کیے گئے۔ خواتین کی چیکنگ کیلئے لیڈیز پولیس اور خواتین رضا کار موجود رہیں جبکہ داخلی راستوں پر جدید سکینرز نصب کیے گئے تھے۔ سیف سٹی کنٹرول روم اور موبائل کنٹرول روم سے جلوسوں کی مسلسل نگرانی کی گئی جبکہ بم ڈسپوزل سکواڈ نے جدید آلات اور روبوٹس کی مدد سے جلوسوں کے روٹس اور امام بارگاہوں کی کلیئرنس کو یقینی بنایا۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات کے مطابق تمام انتظامات کو جدید اور فول پروف بنایا گیا تھا۔ انہوں نے اسلام آباد پولیس، پاک فوج، رینجرز، ضلعی انتظامیہ، امن کمیٹیوں، منتظمین اور شہریوں کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ اجتماعی کوششوں کے باعث وفاقی دارالحکومت میں مثالی امن وامان برقرار رکھا گیا۔

بقیہ 19

میں 242 مقدس ذوالجناح گھوڑوں کا ویٹرنری معائنہ، علاج معالجہ اور ضروری طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ اس مقصد کے لیے راولپنڈی ڈویژن میں 14 موبائل ویٹرنری ڈسپنسریز مختلف جلوسوں کے ہمراہ تعینات رہیں جبکہ 74 ویٹرنری افسران اور اہلکار فیلڈ میں متحرک رہ کر اپنی پیشہ ورانہ خدمات انجام دیتے رہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ویٹرنری امداد فراہم کی جا سکے ۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جس طرح عوامی خدمت اور انسانی جانوں کے تحفظ کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے اسی جذبہ خدمت کے تحت مقدس ذوالجناح گھوڑوں کی صحت، بروقت علاج، ویٹرنری ایمرجنسی سروسز اور ضروری لیبارٹری سہولیات کی فراہمی کے لیے بھی خصوصی ہدایات جاری کی ہیں۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب محرم الحرام کے دوران اس نوعیت کی جامع، منظم اور مؤثر ویٹرنری سروسز فراہم کر رہا ہے جو وزیراعلیٰ پنجاب کے عوامی خدمت، جانوروں کی فلاح و بہبود اور بہترین طرز حکمرانی کے ویژن کی عملی ترجمانی ہے ۔ 10 محرم الحرام کے مرکزی جلوسوں کے موقع پر محکمہ لائیوسٹاک کی موبائل ویٹرنری ٹیمیں، ماہر ویٹرنری ڈاکٹرز اور معاون عملہ پوری طرح متحرک رہا تاکہ انسانی جانوں کے تحفظ کے ساتھ ساتھ مقدس ذوالجناح گھوڑوں کی صحت، حفاظت اور فلاح و بہبود کو بھی ہر ممکن حد تک یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 20

کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ تھانے یا پکار 15 پر دیں تاکہ شہر کو جرائم سے پاک بنانے میں مدد مل سکے۔

بقیہ 21

تھانہ سیکرٹریٹ، رمنا، سمبل، ترنول، کھنہ اور سہالہ پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث آٹھ ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 230 گرام آئس، 30 بوتل شراب، ایک خنجر اور مختلف بور کے تین پستول معہ ایمونیشن برآمد کیے گئے۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں مجرمان اشتہاریوں اور عدالتی مفروروں کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران مزید 25 مطلوب ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت سرگرم عمل ہے اور کسی بھی جرائم پیشہ عنصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ مشکوک سرگرمیوں کی فوری اطلاع متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر دیں۔

بقیہ 22

خصوصی ٹریفک پلان ترتیب دیا تھا۔ پلان کے تحت 500 سے زائد ٹریفک افسران و جوان شہر کی اہم شاہراہوں اور مختلف مقامات پر تعینات رہے اور ٹریفک کی روانی کو مؤثر انداز میں برقرار رکھا گیا۔ مرکزی جلوس جی سکس سمیت مختلف جلوسوں اور مجالس کے دوران گاڑیوں کیلئے خصوصی پارکنگ ایریاز مختص کیے گئے جبکہ شہریوں کی آمدورفت کیلئے متبادل راستے فراہم کیے گئے۔ ٹریفک پولیس کی جانب سے جاری کردہ منصوبے کے باعث شہریوں کو دوران سفر کسی بڑی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس اپنے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے اور دارالحکومت میں مربوط ٹریفک نظام برقرار رکھنے کیلئے ہمہ وقت سرگرم عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران اسلام آباد پولیس اور ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو شہریوں اور معاشرے کے مختلف طبقات نے سراہا ہے۔ سی ٹی او کائنات اظہر خان نے بہترین انتظامات پر ٹریفک پولیس کے افسران اور جوانوں کو شاباش دیتے ہوئے ہدایت کی کہ وہ آئندہ بھی اسی جذبے اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیتے رہیں۔

بقیہ 23

بعدازاں، بلال اظہر کیانی نے سیف سٹی کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے جدید ٹیکنالوجی اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس (اے آئی) سے منسلک سیف سٹی کیمروں، ڈرونز اور دیگر جدید آلات کے ذریعے ضلع بھر کے جلوسوں کی لائیو مانیٹرنگ کا مشاہدہ کیا۔ وزیر مملکت نے جلوسوں کے راستوں پر صفائی ستھرائی، طبی سہولیات کی دستیابی، سبیلوں اور لنگر و کھانے پینے کے انتظامات کا خود جائزہ لیا اور اس ضمن میں متعلقہ اداروں کے افسران اور عملے کی بہترین کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے جلوسوں کے منتظمین، امن کمیٹی کے ارکان اور علماء کرام سے بھی ملاقاتیں کیں اور امن و امان برقرار رکھنے میں ان کے مثالی تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ بلال اظہر کیانی نے عزاداران اور عام عوام سے براہ راست ملاقات کر کے حکومتی انتظامات کے بارے میں ان کی رائے بھی معلوم کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام سٹیک ہولڈرز کی انتھک محنت، یکسوئی اور باہمی تعاون کی بدولت ہی پرامن انداز میں یوم عاشور کا انعقاد ممکن ہو سکا ہے۔

بقیہ 24

عبادت گاہوں پر حملے شدید قابل مذمت ہیں۔ عاصم افتخار نے کہا کہ سوڈان کی خود مختاری، علاقائی سلیت اور قومی اداروں کا تحفظ ناگزیر ہے، سوڈان کے تنازع کا کوئی فوجی حل نہیں، استحکام عالمی برادری کی ذمہ داری ہے۔ پاکستانی مستقل مندوب نے کہا کہ پاکستان سوڈان میں امن واستحکام کیلئے عالمی وعلاقائی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 25

مہران اور ناظم نے احتجاج میں آنے والوں کی گاڑیوں کی چابیاں اپنے قبضے میں لے رکھی ہیں۔ ذرائع کے مطابق گرفتار افراد انتشاری کمیٹی کے سرغنہ مہران، امان اور ناظم کیلئے کام کر رہے تھے۔ آزاد کشمیر پولیس کے مطابق گرفتار ملزم نعیم نے ابتدائی بیان میں بتایا کہ وہ ایکشن کمیٹی کا رکن ہے اور ماضی میں توڑ پھوڑ اور پُرتشدد کارروائیوں میں بھی ملوث رہا ہے، اس کے مطابق سرغنہ مہران نے اسے ڈیال سے اسلحہ منتقل کرنے کی ہدایت دی تھی۔ پولیس ذرائع کے مطابق گرفتار ملزم نے بتایا کہ احتجاج میں شریک افراد کی گاڑیوں کی چابیاں بھی مبینہ طور پر مہران اور ناظم نے اپنے پاس رکھی تھیں تاکہ وہ واپس نہ جا سکیں۔ ملزم نے کہا کہ میرپور کے ایک نوجوان کو اغوا کے بعد تشدد اور بدفعلی کا نشانہ بنایا گیا تاکہ وہ ان کے خلاف بیان نہ دے سکے۔ پولیس کے مطابق دوسرے گرفتار ملزم عاقب نے بھی ابتدائی بیان میں کہا کہ اسلحہ پولیس اور رینجرز کے خلاف استعمال کیے جانے کا منصوبہ تھا۔ اس نے کہا کہ وہ آئندہ کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی کی کسی سرگرمی میں حصہ نہیں لے گا اور عوام سے بھی ایسی سرگرمیوں سے دور رہنے کی اپیل کی۔

بقیہ 26

کے پرامن انعقاد سمیت باہمی تعاون کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق اور ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنایا جائے، منتظمین کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مکمل تیاری یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسلام آباد پولیس محرم الحرام کے دوران شہریوں کے جان ومال کے تحفظ، مذہبی ہم آہنگی کے فروغ اور امن وامان کے قیام کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی اور فول پروف سکیورٹی انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 27

ہونے کا درس دیتا ہے۔ محرم الحرام کے موقع پر جاری ایک خصوصی ویڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی عظیم قربانی سچائی، انصاف، صبر اور استقامت کی لازوال علامت ہے جو وقار اور آزادی کے لیے جدوجہد کرنے والوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ مشال حسین ملک نے کہا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی بے مثال قربانی جرات، صداقت اور انصاف کے لیے غیر متزلزل عزم کے اعلیٰ ترین نظریات کی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کربلا کا پیغام وقت سے بالاتر ہے، مظلوم قوموں کو امید اور طاقت دیتا ہے اور انسانیت کو وقار اور استقامت کے ساتھ ظلم کا مقابلہ کرنے کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی بھارتی مقبوضہ جموں وکشمیر کے لوگ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حقوق اور انصاف کے حصول کے لیے بے پناہ مشکلات اور قربانیوں کو برداشت کرتے ہوئے جدوجہد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام امت مسلمہ اور وسیع تر عالمی برادری کو مظلوموں کے ساتھ کھڑے ہونے، اتحاد، رواداری اور ہمدردی کو فروغ دینے اور ہر حال میں انصاف کو برقرار رکھنے کی ضرورت کی یاد دلاتا ہے۔ مشال حسین ملک نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ غیر قانونی بھارتی مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق، انصاف اور پائیدار امن کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے زیادہ موثر کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ نے بار بار یہ ثابت کیا ہے کہ طاقت عارضی ہوتی ہے جبکہ سچائی، قربانی اور اصولوں کی غیر متزلزل عملداری ابدی رہتی ہے اور دنیا بھر کی نسلوں کو متاثر کرتی رہتی ہے۔

بقیہ 28

ارم حامد حمید کی تمام تر ہمدردیاں آپ کے ساتھ ہیں اور رہیں گیں۔ انہوں نے مقتولہ کے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کے لئے صبر وجمیل کی دعا کی۔

بقیہ 29

نیاز ترمذی سے ملاقات کی، ملاقات میں روس اور پاکستان کے درمیان موجودہ دوطرفہ ایجنڈے پر گفتگو ہوئی جبکہ خلیج فارس کی صورتحال پر بھی فریقین نے اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔ روسی حکام نے امریکہ اور ایران کے درمیان فوجی کشیدگی کے خاتمے کے لیے اسلام آباد کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ روس پاکستان کی سفارتی کوششوں اور مذاکراتی عمل کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب خطے میں امن واستحکام کے لیے سفارتی کوششیں جاری ہیں اور روس و پاکستان مختلف علاقائی و عالمی معاملات پر رابطوں کو مزید مضبوط بنانے پر توجہ دے رہے ہیں۔

بقیہ 30

عمل تجاویز پیش کی جائیں۔ اجلاس میں آئندہ لائحہ عمل کی تشکیل کے لیے امیر جماعت اسلامی نے ایک خصوصی کمیٹی بھی قائم کر دی ہے۔ یہ کمیٹی جوائنٹ ایکشن کمیٹی سے رابطہ کرے گی اور مختلف تجاویز مرتب کر کے قیادت کو پیش کرے گی تاکہ بحران کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں کی جا سکیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال کو حالات کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ حالات کی بہتری کے لیے جماعت اسلامی اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی اور کشمیری عوام کی مشکلات کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کی پاکستان سے لازوال وابستگی شک وشبہ سے بالاتر ہے۔ اس موقع پر اس بات پر بھی غور کیا گیا کہ تین ہفتوں سے جاری لاک ڈاؤن کے باعث آزاد کشمیر کے عوام بنیادی ضروریات زندگی سے محروم ہو رہے ہیں، اس لیے حکومت پاکستان فوری طور پر اشیائے ضروریہ اور ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔

بقیہ 31

کر دیا۔ ایف آئی اے کے مطابق گلف ایئر کی پرواز GF-771 کے ذریعے قبرص جانے والے تین مسافروں، یاسر علی، عدیل احمد اور عدنان احمد کو امیگریشن کلیئرنس کے دوران مشتبہ سرگرمیوں کے باعث سیکنڈری پروفائلنگ کے لیے روکا گیا۔ ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا کہ ایک مسافر نے غیر قانونی امیگریشن کلیئرنس، پروٹیکٹر اسٹیمپ اور سفری انتظامات کے لیے ایک ایجنٹ کو بھاری رقم ادا کی تھی۔ اس کے موبائل فون سے متعدد افراد کی مشتبہ سفری دستاویزات اور یورپ میں انسانی اسمگلنگ سے متعلق نیٹ ورک کے شواہد بھی برآمد ہوئے۔ ایف آئی اے کے مطابق دوسرے مسافر کا موبائل فون مکمل طور پر ڈیٹا وائپ پایا گیا، جس سے شواہد مٹانے کے شبے کو مزید تقویت ملی۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ بروقت کارروائی کے نتیجے میں تینوں مسافروں کو آف لوڈ کر دیا گیا، جبکہ مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے انہیں ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 32

کہ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے عالمی پریمیم اور پلاٹس کے اوسط نرخوں کا غلط حساب کتاب لگایا، جس کے نتیجے میں، صنعت کے دعوے کے مطابق، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں تقریباً 45 روپے فی لیٹر اور موٹر سپرٹ (پیٹرول) کی قیمت میں 11 روپے فی لیٹر کی حد سے زیادہ (اضافی) کمی کر دی گئی۔ آئل انڈسٹری کے اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے شیئر کیے گئے حساب کتاب کے مطابق اوگرا نے قیمتوں کے حالیہ پندرہ روزہ جائزے کے دوران پریمیم کے اصل اخراجات اور لاگو ہونے والے پلاٹس کے اوسط نرخوں کو مکمل طور پر شامل نہیں کیا۔

بقیہ 33

سے کئی ڈیپارٹمنٹس نے تحفظات کا اظہار کر دیا۔ پی سی بی نے کھلاڑیوں کے ماہانہ معاوضے کی بھی کم از کم حد مقرر کر دی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیپارٹمنٹل گریڈ ون ٹیم کے لیے فیس ڈیڑھ کروڑ سالانہ اور گریڈ ٹو گولڈ ٹیم کی سالانہ فیس 42 اور سلور کی 40 لاکھ مقرر کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ڈیپارٹمنٹس کے لیے گریڈ ون میں 1 کھلاڑی کو کم از کم ماہانہ 1 لاکھ 25 ہزار اور سالانہ 15 لاکھ روپے دینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ گریڈ ٹو گولڈ کو 75 ہزار ماہانہ اور سلور کو 50 ہزار روپے ماہانہ دینا لازمی قرار دیا گیا ہے، ڈیپارٹمنٹس کے لیے کھلاڑیوں کے ساتھ 1 سال کا معاہدہ کرنا بھی لازمی ہوگا۔ ذرائع کے مطابق تمام اخراجات ڈیپارٹمنٹس برداشت کرتے ہیں، سالانہ فیس میں اضافہ ڈیپارٹمنٹس کی حوصلہ شکنی ہے، پہلے فیس 30 لاکھ کی گئی، پچھلے سال 50 لاکھ اور اب ڈیڑھ کروڑ کر دی گئی جو زیادتی ہے۔ کھلاڑیوں کو مناسب معاوضوں کی ادائیگی کی جاتی ہے، حد مقرر کرنا مناسب نہیں، یہ سالانہ فیس کے ساتھ اضافی بوجھ ہوگا۔

بقیہ 34

میں میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف عاشورہ محرم کے مرکزی ماتمی جلوس میں شرکت کی اور جلوس کی قیادت کی۔ انہوں نے بیری والا چوک میں واقع مستری عبداللہ امام بارگاہ میں مجلس عزا میں بھی شرکت کی۔ صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر دوست محمد نے وفاقی اور صوبائی وزراء کو ضلع بھر میں محرم الحرام کے دوران کیے گئے سکیورٹی، ٹریفک، صفائی اور دیگر انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بعدازاں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے اڈا پسروریاں میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس سال محرم الحرام ایسے وقت میں آیا ہے جب خطہ حالیہ جنگ کے اثرات سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی قوم کی استقامت کو سلام پیش کرتے ہیں، جنہوں نے سنت حسینی اور شہدائے کربلا کی ثابت قدمی کی یاد تازہ کر دی۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ حالیہ جنگ میں پاکستان نے جو کردار ادا کیا وہ تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عاشورہ محرم کے موقع پر عالم اسلام کا جو اتحاد دیکھنے میں آ رہا ہے، اس کی مثال گزشتہ صدیوں میں کم ہی ملتی ہے اور اس کا سہرا پاکستان کے عزم واستقلال اور ایرانی عوام کی ثابت قدمی کو جاتا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ فلسطینیوں، ایرانیوں اور لبنانیوں کی قربانیاں رنگ لا رہی ہیں اور انہیں یقین ہے کہ وہ وقت دور نہیں جب فلسطین ایک آزاد ریاست بنے گا اور لبنان کے عوام بھی اسرائیلی ظلم وستم سے نجات حاصل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یوم عاشور ہمیں حضرت امام حسینؓ اور شہدائے کربلا کی عظیم اور ابدی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلسطینی عوام گزشتہ اڑھائی سے تین برس سے جس استقامت اور قربانی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، وہ بھی کربلا کی یاد تازہ کرتی ہے۔ خواجہ محمد آصف نے دعا کی کہ مسلم ممالک جس اتحاد کا مظاہرہ کر رہے ہیں

بقیہ 35

نگلنے کا خدشہ ہے۔ پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ اپر و لوئر چترال، سوات، اپردیر، کوہستان اور مانسہرہ کی ضلعی انتظامیہ کو پیشگی اقدامات کے لیے ہدایات جاری کر دی ہیں۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق حساس گلیشیائی علاقوں میں متعلقہ ضلعی انتظامیہ کو ہائی الرٹ رہنے اور مسلسل نگرانی کی ہدایت جاری کی گئی ہیں، ریسکیو اداروں، مشینری اور ہنگامی عملے کو بھی ہر وقت تیار رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 36

مطابق ایئرپورٹ سکیورٹی فورس کے اہلکار ذیشان اختر اپنے سرکاری ہتھیار سے گولی لگنے سے شدید زخمی ہوا۔ اے ایس ایف اہلکار کو فوری طور پر پمز منتقل کیا گیا وہ لیکن زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ پولیس نے اطلاع ملنے پر قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا، واقعہ کی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 37

سکیورٹی فورسز نے خاران میں دہشت گردوں کے ایک گروہ کی نقل وحرکت کا سراغ لگایا جس کے بعد بروقت اور مؤثر کارروائی میں بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے 3 دہشت گرد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے۔ دوسری جانب 26 جون کو مستونگ میں ممکنہ خودکش حملہ آور کی موجودگی کی اطلاع پر قبل از وقت انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس کے دوران سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہاں شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 5 دہشت گرد ہلاک ہو گئے جس میں ایک خودکش حملہ آور بھی شامل تھا۔ دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود، آئی ای ڈیز اور موٹر سائیکلیں بھی برآمد ہوئی ہیں۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے کہا گیا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔

بقیہ 38

نماز جنازہ میں شرکت بھی متوقع ہے۔

بقیہ 39

اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اعلیٰ حکام فیلڈ میں موجود رہے اور مرکزی وحساس عزاداری جلوسوں اور مجالس کی مسلسل نگرانی کرتے رہے۔ سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے صوبائی وزراء خواجہ سلمان رفیق، بلال یاسین اور چیف سیکرٹری پنجاب کے ہمراہ مرکزی صوبائی کنٹرول روم کا دورہ کیا اور سیف سٹیز لنک کے ذریعے لاہور سمیت مختلف اضلاع میں مرکزی اور حساس عزاداری جلوسوں کے سکیورٹی انتظامات اور سرگرمیوں کی لائیو مانیٹرنگ کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور سیکرٹری داخلہ پنجاب نے سینئر وزیر پنجاب کو یوم عاشور کے سکیورٹی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ مریم اورنگزیب نے کنٹرول روم میں موجود افسران سے مختلف اضلاع میں امن وامان اور سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کربلا گامے شاہ کے مرکزی جلوس کا بھی دورہ کیا اور جلوس کے اختتام تک موقع پر موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کی۔ سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا کہ یوم عاشور کے تمام مرکزی عزاداری جلوس سکیورٹی اداروں کے حفاظتی حصار میں پرامن انداز میں رواں دواں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے تحت صوبہ بھر میں مجالس اور عزاداری جلوسوں کے فول پروف سکیورٹی انتظامات یقینی بنائے گئے ہیں جبکہ سیف سٹیز منصوبوں کی بدولت تمام جلوسوں اور مجالس کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ ممکن بنائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب تمام اضلاع سے جلوسوں اور مجالس کی لمحہ بہ لمحہ رپورٹس حاصل کر رہی ہیں اور ان کی قیادت میں صوبے بھر میں پرامن اور محفوظ یوم عاشور کے انعقاد کو یقینی بنایا گیا ہے۔

بقیہ 40

کے بعد کیس سیشن کورٹ سے انسداد دہشت گردی عدالت منتقل کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مقدمے میں جرگہ کے سربراہ اور سابق وائس چیئرمین یونین کونسل عصمت اللہ کو دوبارہ گرفتار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور اس سلسلے میں مقتولہ کے والد، بھائی، سسر اور چچا سمیت دیگر ملزمان کی بھی دوبارہ گرفتاری عمل میں لائی جائے گی۔ اس کے علاوہ قبرستان کے گورکن، سیکرٹری اور لاش قبرستان پہنچانے والے ڈرائیور کو بھی دوبارہ گرفتار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق تمام ملزمان کی دوبارہ گرفتاری کے لیے انسداد دہشت گردی عدالت میں ان کی ضمانتیں منسوخ کرنے کی درخواستیں دائر کی جائیں گی۔ دوبارہ گرفتاری اور نئی تفتیش میں شامل کیے جانے کے خدشے کے باعث ملزمان روپوش ہو گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پراسیکیوشن اور لیگل برانچ نے مقدمے میں دہشت گردی کی دفعات شامل کرنے کی منظوری دے دی ہے جبکہ کیس کی سماعت اب انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ کریں گے۔ پراسیکیوشن کے مطابق سابقہ تفتیش منسوخ کر دی گئی ہے اور اب نئے سرے سے تفتیش کے بعد نیا چالان عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے طلاق کے بعد دوبارہ شادی کرنے پر سدرہ بی بی کے خلاف مبینہ طور پر جرگہ میں قتل کا فیصلہ کیا تھا، جس کے بعد نومبر 2024 میں سدرہ بی بی کو انتہائی بے دردی سے قتل کیا گیا تھا اور بعد ازاں لاش کو ایک بڑے شاپر میں بند کر کے قبرستان میں گڑھے میں دفن کر دیا گیا۔ بعد ازاں راز سامنے آنے پر لاش برآمد ہوئی، ملزمان گرفتار ہوئے اور پولیس کے مطابق انہوں نے دوران تفتیش اعتراف جرم بھی کیا۔

بقیہ 41

نیٹ ورک (پی یو اے این) نے ای کامرس اور ڈیجیٹل تجارت اور امریکی آزادی کی 250 ویں سالگرہ پر ایک خصوصی تربیتی سیشن کا انعقاد کیا تاکہ نوجوانوں اور کاروباری افراد کو نئے مواقع اور جدت کی طرف راغب کیا جا سکے۔ فریڈم 250 تقریبات کے تحت فنون لطیفہ کے شعبے میں ابھرتے ہوئے کاروباری اور تخلیقی افراد کی کامیابیوں کو بھی اجاگر کیا گیا۔ تقریب کے آخر میں فیفا ورلڈ کپ 2026 کے جوش وخروش کا ذکر کیا گیا اور امریکی ٹیم کے لیے نیک تمناؤں کا بھی اظہار کیا گیا۔

بقیہ 42

کو بذریعہ سیکرٹری سمیت دیگر متعلقہ حکام کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ آرڈیننس کی شق 2 ڈی، شق 3 اور دیگر متعلقہ دفعات آئین اور شریعت سے متصادم ہیں، 18 سال سے کم عمر میں شادی کو جرم قرار دینا اسلامی شریعت کے خلاف ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ اگرچہ ریاست کو انتظامی امور اور نظم وضبط کے لیے قانون سازی کا اختیار حاصل ہے، تاہم شریعت کے معاملات میں مداخلت کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت پنجاب چائلڈ میرج ریسٹرین آرڈیننس 2026 کی شق 2 سی، 2 ڈی سمیت دیگر کو کالعدم قرار دے، درخواست کے حتمی فیصلے تک آرڈیننس پر عملدرآمد روکنے کا حکم دے۔

بقیہ 43

غمزدہ والدین اور دیگر اہل خانہ سے ملاقات میں شعیب مرزا نے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ منتہا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ شعیب مرزا نے متاثرہ خاندان کو یقین دلایا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف افسوسناک واقعہ پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں اور حکومت پنجاب متاثرہ خاندان کو انصاف کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ شعیب مرزا نے کہا کہ واقعہ میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق سخت سزا دلانے کے لیے متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں۔ ایسے المناک واقعات کی روک تھام اور انصاف کی بروقت فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب برائے انسپکشن ٹیم شعیب مرزا نے مزید کہا کہ یہ مریم نواز شریف کی حکومت ہے، اس طرح کے درندہ صفت لوگوں کی کوئی جگہ نہیں۔ قانون حرکت میں آ چکا ہے اور مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا تاکہ آئندہ کوئی معصوم بچہ یا بچی ایسے سفاکانہ جرم کا نشانہ نہ بنے۔

بقیہ 44

ہتھکنڈے اور اپنی پراکسیوں کا استعمال کر رہا ہے، جبکہ مسلح افواج غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کی لعنت کے خاتمے کے لیے کوشاں ہیں اور پوری قوم اپنی بہادر مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تمام تصفیہ طلب مسائل کے حل کے لیے امن، بات چیت اور سفارت کاری کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال نے عالمی معیشت اور بین الاقوامی سپلائی چین کے لیے میری ٹائم سکیورٹی کی اہمیت کو پہلے سے زیادہ اجاگر کیا ہے۔ آج آزادانہ بحری آمدورفت اور جہازرانی کی آزادی پوری دنیا کی بنیادی ضرورت بن چکی ہے۔ حکومت پاک بحریہ کو مزید مضبوط، موثر اور جدید دفاعی فورس بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ہفتہ کو پاکستان نیول اکیڈمی پی این ایس رہبر میں 125 مڈشپ مین اور 33 ویں شارٹ سروس کمیشن کورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، گورنر سندھ نہال ہاشمی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف اور دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ تقریب میں آمد پر پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف نے وزیراعظم کا استقبال کیا جبکہ وزیراعظم کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے پریڈ کا معائنہ کیا اور اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کیڈٹس میں اعزازات تقسیم کیے۔ مڈشپ مین عمر مختار کو مجموعی بہترین کارکردگی پر اعزازی شمشیر سے نوازا گیا جبکہ آفیسر کیڈٹ حافظ محمد احمد منور کو چیف آف ڈیفنس فورسز گولڈ میڈل دیا گیا۔ اکیڈمی ڈرل مڈشپ مین کا اعزاز بادی عباس خان کے حصے میں آیا جبکہ شارٹ سروس کمیشن کورس کی آفیسر کیڈٹ الویرا حمزہ کو کمانڈنٹ گولڈ میڈل سے نوازا گیا۔ تقریب میں کیڈٹ افسران سے پیشہ ورانہ حلف لیا گیا جبکہ پاک بحریہ کے ہیلی کاپٹرز اور بحری جہازوں نے سلامی پیش کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاسنگ آؤٹ ہونے والے تمام کیڈٹس اور اعزازات حاصل کرنے والوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ اس تقریب میں ترکیہ، بحرین، بنگلہ دیش، عراق، سری لنکا اور جبوتی سے تعلق رکھنے والے کیڈٹس بھی شامل ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس تربیتی ادارے سے حاصل ہونے والا علم، تربیت اور پیشہ ورانہ مہارت ان کے پورے کیریئر میں معاون ثابت ہوگی اور یہ خوشگوار تعلقات دوست ممالک کے درمیان روابط مزید مضبوط کریں گے۔

بقیہ 45

کے ساتھ خیانت کر رہے ہیں۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ میرے مخاطب بدعنوانی، نقل، غیر حاضری اور دیگر بے ضابطگیوں میں ملوث عناصر ہیں۔ میری گفتگو سیاق وسباق سے ہٹا کر پیش کرنے سے ایسے عناصر خود کو چھپا نہیں سکتے۔ رانا سکندر حیات نے مزید کہا کہ سرکاری نظام، طلبہ کے مستقبل اور عوام کے اعتماد کو نقصان پہنچانا ناقابل معافی ہے۔ جو اساتذہ نقل مافیا کا حصہ بنیں، سالہا سال سکول نہ آئیں، میں ان کا دفاع کیسے کروں؟۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ سکولوں میں نہ آنا اور بچوں کی تعلیم کا حرج کرنا بھی خیانت ہے۔ صوبے کے 80 فیصد اساتذہ دیانتدار اور ہمارا فخر ہیں۔ مخلص، محنتی اور باکردار اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتا اور ان کے ساتھ کھڑا ہوں لیکن برے اساتذہ کا احتساب اب کرنا ہوگا۔ قوم کے بچوں کو برے اساتذہ کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتے۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ بہترین اساتذہ کو ٹریننگ کیلئے بیرون ممالک بھیجنا ہم نے ہی شروع کیا۔ غلط کام کو صرف اس لیے درست نہیں کہا جا سکتا کہ کرنے والا استاد ہے۔ مقدس پیشے کی آڑ میں بدعنوانی کو تحفظ نہیں دیا جا سکتا۔

بقیہ 46

کرتے ہوئے اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ ریسکیو اہلکاروں نے خاتون کی لاش اور دونوں بچوں کو فوری طور پر اسپتال منتقل کیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کر لیے۔ ترجمان ریسکیو 1122 کے مطابق راولپنڈی پولیس نے واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ حکام کے مطابق ابتدائی اطلاعات کی روشنی میں مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ہی واقعے کی نوعیت سے متعلق حتمی مؤقف سامنے آئے گا۔

بقیہ 47

ضمانت حاصل نہیں، صوبائی حکومت جب چاہے انہیں توڑ سکتی ہے، معاملہ وسائل کا ہے وزیراعلیٰ اسے بادشاہ کی طرح جہاں چاہتا ہے خرچ کرتا ہے اور عوام محروم رہ جاتے ہیں۔

بقیہ 48

زائد سیاح داخل ہوئے جن میں 30 غیر ملکی سیاح بھی شامل تھے، وادی کاغان صوبے بھر میں سب سے زیادہ سیاحوں کی توجہ کا مرکز رہی ،تاحال سیاحوں کی آمد کا سلسلہ جاری رہا۔ سیاحوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر کاغان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا سٹاف سیاحوں کو سہولت اور رہنمائی کیلئے مختلف مقامات پر موجود ہے کے ڈی اے ٹورازم پولیس اور مقامی پولیس کے ہمراہ ٹریفک کی بحالی کو یقینی بنانے میں مصروف رہا، کے ڈی اے انتظامیہ نے آنے والے سیاحوں سے اپیل کی ہے کہ وہ دریائے کنہار سمیت ندی نالوں سے دور رہیں۔

بقیہ 49

ملزمان فرار ہو گئے۔ پولیس نے لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا۔ ابتدائی رپورٹ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے فائرنگ کے واقعے کا نوٹس لے کر آئی جی پولیس سے واقعہ کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی اور کہا کہ معصوم شہریوں کی شہادت انتہائی افسوسناک ہے، ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ 50

اہلکار فرائض انجام دے رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق 11 محرم الحرام کے مرکزی جلوس کیلئے راولپنڈی پولیس نے فول پروف سکیورٹی پلان نافذ کر رکھا ہے۔ محرم الحرام کے دوران مجموعی طور پر 8000 سے زائد افسران و اہلکار سکیورٹی فرائض سرانجام دے رہے ہیں جبکہ سینئر پولیس افسران خود فیلڈ میں موجود رہ کر تمام انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں۔ جلوس کے تمام داخلی راستوں پر واک تھرو گیٹس نصب کیے گئے ہیں اور شرکا کو مکمل باڈی سرچ کے بعد داخل ہونے کی اجازت دی جا رہی ہے۔ سیف سٹی راولپنڈی اور دیگر ذرائع سے 2000 سے زائد کیمروں کے ذریعے جلوس اور شہر کے مختلف مقامات کی مسلسل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے

بقیہ 51

لیے اپنا تعمیری کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ اس موقع پر ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امن کی کوششوں میں پاکستان کے مسلسل تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے ایرانی عملے کے ارکان اور ماہی گیروں کی بحفاظت وطن واپسی میں پاکستان کی جانب سے فراہم کی گئی سہولتوں کو بھی سراہا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے خطے میں پیش رفت اور باہمی دلچسپی کے امور پر قریبی رابطے میں رہنے پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ 52

کا امکان ہے۔ صدر مملکت نے رواں سال کے آغاز میں بھی ایران کا دورہ کرنا تھا، تاہم مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باعث یہ دورہ موخر کر دیا گیا تھا۔ حالیہ ملاقات کیدوران ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے صدر آصف علی زرداری کو دوبارہ ایران کے دورے کی دعوت دی، جسے صدر مملکت نے قبول کر لیا ہے۔

بقیہ 53

کے قریب پیش آیا، محمد ہاشم نورزئی جو وزیر آباد کچلاک کے رہائشی تھے اپنی ذاتی گاڑی میں گھر سے شہر کی جانب جا رہے تھے کہ نامعلوم مسلح افراد نے ان کی گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے نتیجے میں محمد ہاشم نورزئی جاں بحق ہو گئے، کوئٹہ پولیس ترجمان نے واقعہ کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ جائے وقوع سے شواہد اکٹھے کر لیے گئے ہیں اور مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالرحمٰن یوسفزئی کا یومِ عاشور کے مرکزی جلوس کا دورہ

عاشورہ محرم کے اختتام تک تمام ادارے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ فرائض سرانجام دیں تا کہ امن وامان کی فضا برقرار رہے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے عزاداران کو سہولیات کی فراہمی اور پرامن ماحول برقرار رکھنے کیلئے کیے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا

راولپنڈی (این ای این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹرز) عبدالرحمٰن یوسفزئی نے یوم عاشور 10) محرم الحرام 1448ھ) کے موقع پر ٹیکسلا کے مرکزی جلوس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ٹیکسلا، ایس ڈی پی او ٹیکسلا، پولیس اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے ۔ انہوں نے جلوس کے روٹ پر سکیورٹی، طبی سہولیات، صفائی، ٹریفک مینجمنٹ اور عزاداران کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے مریم نواز کلینک آن ویلز کا معائنہ کیا جہاں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور(بقیہ نمبر 2)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹرز) عبدالرحمٰن یوسفزئی یوم عاشور کے موقع پر ٹیکسلا کے مرکزی جلوس کا دورہ کر رہے ہیں

مری ایکسپریس وے پر مسافر وین مکمل جل گئی

مسافر وین میں 18 افراد سوار تھے جو بحفاظت باہر نکلنے میں کامیاب ہوگئے

اسلام آباد (این این آئی) مری ایکسپریس وے پر مسافر وین میں آگ لگ گئی جس کے باعث وین مکمل جل گئی۔ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق مسافر وین میں 18 افراد سوار تھے جو بحفاظت باہر نکلنے میں کامیاب ہوگئے ۔ریسکیو ذرائع کے مطابق آتشزدہ وین کا ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا، وین راولپنڈی سے کشمیر جارہی تھی۔ریسکیو ذرائع کے(بقیہ نمبر 9)

خواجیوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کی ستائش

قوم دہشت گردی کیخلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کی ستائش پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں نے بروقت کارروائیاں کر کے بلوچستان میں خوارجیوں کے(بقیہ نمبر 1)

یوم عاشور پر راولپنڈی میں سکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات

آر پی او، کمشنر، سی پی او اور ڈپٹی کمشنر نے مرکزی جلوس کی نگرانی کی

راولپنڈی (این این آئی) دس محرم الحرام یوم عاشور کے موقع پر راولپنڈی میں مرکزی جلوس اور مجالس کے تحفظ کیلئے سکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کیے گئے جبکہ اعلیٰ سول اور پولیس حکام نے جلوس کے روٹ کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لیا۔تفصیلات کے مطابق آر پی او راولپنڈی ہابر سرفراز الپا، کمشنر راولپنڈی انجینئر عامر خٹک، سی پی او(بقیہ نمبر 12)

آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ سے متعلق فنانس بل 2026 کی توثیق

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ سے متعلق فنانس بل 2026 کی توثیق کردی ہے۔ گزشتہ روز ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے مالی سال 2026-27 کے وفاقی بجٹ سے متعلق فنانس بل 2026 کی توثیق کردی ہے۔

یوم عاشورہ بخیریت اختتام پذیر، راولپنڈی پولیس کے فول پروف انتظامات کامیاب

راولپنڈی (این این آئی) دس محرم الحرام کا مرکزی جلوس اپنے روایتی راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ قدیمی پر بخیریت اختتام پذیر ہوگیا۔ راولپنڈی پولیس نے فول پروف سکیورٹی انتظامات کے ذریعے یوم عاشورہ کے موقع پر امن وامان کی فضا برقرار رکھنے میں کامیابی حاصل کی۔تفصیلات کے مطابق آر پی او راولپنڈی ہابر سرفراز الپا، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی، ایس ایس پی آپریشنز، چیف ٹریفک آفیسر اور دیگر سینئر افسران مسلسل فیلڈ میں موجود رہے اور سکیورٹی و ٹریفک ڈیوٹی کی نگرانی (بقیہ نمبر 10)

وزیراعلیٰ کا مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر اظہار تشکر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے خاران اور مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر اظہار تشکر کیا اور فتنہ الہندوستان کے 8 دہشت گرد جہنم رسید کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے واضح کیا کہ دہشت گردی کو ختم کرنے کا مشترکہ عزم غیر متزلزل ہے۔

سید خالد محمود ہمدانی، سی پی او اور راولپنڈی سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

کندھ کوٹ: تیز رفتار موٹر سائیکل کی ٹکر سے راہگیر جاں بحق

پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں، مزید کارروائی پولیس کی جانب سے جاری

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): کندھ کوٹ شہر میں ٹریفک کا ایک افسوسناک حادثہ پیش آیا، جہاں تھانہ اے سیکشن کی حدود، ہیبت روڈ پر تیز رفتار موٹر سائیکل کی ٹکر لگنے سے ایک راہگیر جان کی بازی ہار گیا تفصیلات کے مطابق زوہیب کھوسو نامی راہگیر سڑک عبور کر رہا تھا کہ اسی دوران تیز رفتاری سے آنے والی موٹر سائیکل بے قابو ہو کر اس سے (بقیہ نمبر 5)

مقدس ذوالجناح گھوڑوں کی صحت کیلئے غیر معمولی انتظامات

242 مقامات پر مقدس ذوالجناح گھوڑوں کا ویٹرنری معائنہ کیا گیا

راولپنڈی (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق، وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی خصوصی ہدایات اور سیکرٹری لائیوسٹاک پنجاب احمد عزیز تارڑ کی رہنمائی میں، 9 محرم الحرام کے جلوسوں کے دوران محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب نے مقدس ذوالجناح گھوڑوں کی صحت، حفاظت اور فلاح و بہبود کے لیے غیر معمولی انتظامات کیے۔ محکمہ لائیوسٹاک کی جانب سے صوبہ بھر (بقیہ نمبر 19)

پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب محرم الحرام کے دوران مقدس ذوالجناح گھوڑوں کو ویٹرنری سروسز فراہم کر رہا ہے

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ کومبنگ اور سرچ آپریشن

329 افراد، 174 گھروں، 22 ہوٹلوں اور 59 دکانوں کی چیکنگ

آٹھ مشکوک افراد اور چھ موٹر سائیکلیں جانچ پڑتال کیلئے تھانوں منتقل کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے خاتمے اور امن و امان کی صورتحال کو مزید مؤثر بنانے کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومبنگ اور سرچ آپریشنز کیے۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی ہدایات پر ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا کی نگرانی میں زونل ایس پیز کے زیر انتظام مختلف علاقوں میں سرچ اور کومبنگ آپریشنز کیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران 329 افراد، 174 گھروں، 22 ہوٹلوں، 59 دکانوں، 158 موٹر سائیکلوں اور 74 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ پولیس نے جانچ پڑتال کیلئے آٹھ مشکوک افراد اور چھ موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا۔ ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن جاری

سنگین جرائم میں ملوث 33 ملزمان گرفتار، منشیات، شراب اور اسلحہ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے جاری کریک ڈاؤن کے دوران 33 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر لیا جبکہ ملزمان کے قبضے سے منشیات، شراب اور ناجائز اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس دوران (بقیہ نمبر 21)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کا دس محرم الحرام کے مرکزی جلوس پر آمد پر سی پی او نے سیکورٹی انتظامات پر بریفنگ دی

اسلام آباد ٹریفک پولیس کے عاشورہ محرم الحرام کے دوران مؤثر انتظامات

متبادل راستوں اور خصوصی پارکنگ پلان کے ذریعے ٹریفک کی روانی برقرار رکھی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے 9 اور 10 محرم الحرام کے دوران وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کے مربوط نظام کو برقرار رکھتے ہوئے شہریوں کو بہترین سفری سہولیات فراہم کیں۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد ٹریفک پولیس نے محرم الحرام کیلئے (بقیہ نمبر 22)

ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب، چیف ٹریفک آفیسر فرحان اسلم، ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان سمیت دیگر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سیکورٹی و ٹریفک انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں

بلال اظہر کیانی کا حلقہ انتخاب جہلم اور دینہ کا دورہ

یوم عاشور کے انتظامات کا جائزہ، جلوس کے شرکاء میں کھانا بھی تقسیم کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے اپنے انتخابی حلقے جہلم کے مختلف علاقوں بشمول سول لائنز کے مقام پر شہر کے مرکزی جلوس اور دینہ میں بن گلہ اسد آباد، شیخوپورہ کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے یوم عاشور کے حوالے سے کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور جلوس کے شرکاء میں کھانا بھی تقسیم کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او جہلم نے وزیر مملکت کو محرم الحرام کے جلوسوں کی سکیورٹی، حفاظت اور عزاداران کی سہولت کے لیے کیے گئے حکومتی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ (بقیہ نمبر 23)

پاکستان کا سوڈان میں تشدد کے فوری خاتمے کا مطالبہ

سوڈان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی اداروں کا تحفظ ناگزیر ہے، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے آر ایس ایف کی جانب سے سوڈان میں شہری تنصیبات پر حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوڈان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی اداروں کا تحفظ ناگزیر ہے۔سلامتی کونسل میں سوڈان کی صورتحال پر اجلاس میں پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار نے اپنے بیان میں کہا کہ سوڈان میں تشدد کا فوری خاتمہ اور بلا رکاوٹ انسانی امداد فراہم کی جائے، سکولوں، ہسپتالوں، بازاروں، (بقیہ نمبر 24)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

معمولی رنجش پر نوجوان کو گھر سے بلا کر کھیتوں میں گولیاں مار دی گئیں

واٹس ایپ پر بھائی کو آخری کال مجھے بچانے پہنچو، دوست جھگڑا کر رہے ہیں موقع پر پہنچتے ہی فائرنگ

ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے محمد علی دم توڑ گیا، پولیس نے اقدام قتل کے مقدمے میں قتل کی دفعات شامل کر دیں

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان کے نواحی علاقے نگائل عمر خان میں دوستی کا بھرم خاک میں مل گیا۔ معمولی رنجش اور پرانے جھگڑے پر مبینہ طور پر دوستوں نے ہی اپنے دیرینہ ساتھی کو دھوکے سے گھر سے بلایا اور کھیتوں میں لے جا کر فائرنگ کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ مقتول نوجوان بینظیر بھٹو ہسپتال راولپنڈی میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ پولیس نے اقدام قتل کے درج مقدمے میں قتل کی دفعات شامل کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مار کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ تھانہ گوجر خان میں درج ایف آئی آر(بقیہ نمبر 6)

سی ٹی او کائنات اظہر خان کا شاہ اللہ دتہ اور بری امام میں گیارہویں محرم الحرام کے جلوسوں کا دورہ

پاکستان پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام 5 جولائی کو یوم سیاہ منایا جائے گا

مکو آنہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام 5 جولائی کو یوم سیاہ منایا جائے گا اس دن فیصل آباد سمیت ملک بھر میں پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام احتجاجی تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا جبکہ ذرائع ابلاغ کے ذریعے بھی خصوصی پروگرام نشر ہو نگے۔ 5 جولائی 1977ء کو پیپلز پارٹی کے قائد اور منتخب وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کا تختہ الٹ دیا گیا تھا اس وجہ سے پیپلز پارٹی ہر سال 5 جولائی کو یوم سیاہ مناتی ہے۔

13 سالہ بچے کو مبینہ طور پر زندہ دفن کرنے کی کوشش، تین بھائی گرفتار

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے علاقے جمال چکیاں میں بدفعلی کی شکایت پر 13 سالہ بچے کو مبینہ طور پر زندہ دفن کرنے کی کوشش کا افسوسناک واقعہ پیش آیا، جس پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے تین سگے بھائیوں کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گاؤں ماڑی میں 13 سالہ دانش نامی بچے نے مبینہ طور پر 20 روز قبل اپنے ساتھ ہونے والی بدفعلی کی شکایت ایک ملزم کے بھائی سے کی تھی۔ الزام ہے کہ اس شکایت پر تین سگے بھائی قمر عباس، محمد امجد اور محمد وارث طیش میں آ گئے۔

آزاد کشمیر پولیس نے اسلحہ راولاکوٹ لے جاتے ہوئے 2 ملزمان گرفتار

ایکشن کمیٹی کے رہنما مہران نے اسلحہ منتقلی کا کام سونپا تھا، ملزمان کا بیان

راولاکوٹ (این این آئی) آزاد کشمیر پولیس نے مبینہ طور پر ڈیال سے اسلحہ راولاکوٹ لے جاتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے کہا کہ وہ کالعدم ایکشن کمیٹی کے لیے کام کرتے ہیں، انہیں ایکشن کمیٹی کے رہنما مہران نے اسلحہ منتقلی کا کام سونپا تھا۔ پولیس کے مطابق ایک گرفتار ملزم کے مطابق کالعدم ایکشن کمیٹی کے رہنماؤں (بقیہ نمبر 25)

ڈی آئی جی اور ایس ایس پی آپریشنز کا امام بارگاہوں کا دورہ

ڈی آئی جی محمد جواد طارق اور ایس ایس پی قاضی علی رضا کی منتظمین سے ملاقات، اقدامات کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق اور ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے محرم الحرام کے سلسلے میں وفاقی دارالحکومت کی مختلف امام بارگاہوں کا دورہ کر کے سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔تفصیلات کے مطابق دورے کے دوران دونوں افسران نے امام بارگاہوں کے منتظمین سے ملاقات کی اور محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام، فول پروف سکیورٹی انتظامات، جلوسوں اور مجالس (بقیہ نمبر 26)

محرم الحرام ہمیں من حیث القوم صبر، اتحاد اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے

صوبائی وزیر ملک صہیب احمد برتھ کا راولپنڈی میں عاشورہ محرم کے مرکزی جلوسوں، امام بارگاہوں اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ

راولپنڈی میں انتظامیہ، پولیس اور تمام متعلقہ ادارے بہترین ہم آہنگی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

صوبائی وزیر بلدیات پنجاب ملک صہیب احمد برتھ، کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک اور آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا نے یوم عاشور کے مرکزی جلوس میں عزاداران سے انتظامات کے حوالے سے گفتگو کر رہے ہیں

راولپنڈی (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات، ممبر کابینہ کمیٹی برائے امن و امان، ملک صہیب احمد برتھ نے کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک، آر پی او بابر سرفراز الپا، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حسن وقار چیمہ، سی پی او سید خالد ہمدانی اور دیگر انتظامی و پولیس افسران کے ہمراہ راولپنڈی میں عاشورہ محرم کے مرکزی جلوسوں کے روٹس اور مختلف امام بارگاہوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سکیورٹی، صفائی، روشنی، ٹریفک مینجمنٹ، ریسکیو، (بقیہ نمبر 7)

چوہدری حامد حمید کی منتہاز ہرا کے گھر جا کر مقتولہ بچی کے لواحقین سے ملاقات

سرگودھا (این این آئی) مسلم لیگ (ن) پنجاب کے نائب صدر چوہدری حامد حمید نے اندرون شہر بلاک 8 میں المناک واقعہ میں قتل ہونے والی 8 سالہ طالبہ منتہاز ہرا کے گھر جا کر مقتولہ بچی کے لواحقین سے ملاقات اظہار ہمدردی و تعزیت کیا ہے۔اس موقع پر چوہدری حامد حمید نے مقتولہ بچی کے والدین سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس واقعہ کے بعد اہل سرگودھا میں ہر آنکھ اشکبار نظر آئی ہے وہ ننھی منتہا زہرہ تو اب واپس نہیں آ سکتی مگر اس واقعہ میں ملوث تمام افراد کو سزا دلوانے تک میری اور میری اہلیہ ایم این اے(بقیہ نمبر 28)

کراچی میں گھر سے ماں اور کمسن بیٹی کی پھندا لگی لاشیں برآمد

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ملیر کھوکھراپار کے قریب گھر سے ماں بیٹی کی پھندا لگی لاشیں برآمد ہوئیں۔لاشوں کی شناخت 30 سالہ صبا اور 8 سالہ عیہمہ کے نام سے ہوئی، پولیس نے خاتون کے شوہر حنیف کو حراست میں لے لیا۔پولیس حکام کے مطابق خاتون نے رسی کی مدد سے گلے میں پھندا لگا کر خودکشی کی، بیٹی کو کوئی زہریلی چیز دے کر قتل کیا گیا۔

کربلا ناانصافی کے خلاف پکار رہا ہے، مشعال حسین ملک

کربلا کا لازوال پیغام دنیا اور ناانصافی کے خلاف کھڑے ہونے کا درس دیتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال حسین ملک نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ غیر قانونی بھارتی مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق، انصاف اور دیرپا امن کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے بامعنی اور موثر اقدامات اٹھائے، کربلا کا لازوال پیغام پوری دنیا میں جاری ظلم وجبر کے خلاف دنیا اور ناانصافی کے خلاف کھڑے (بقیہ نمبر 27)

روس اور پاکستان میں خلیج فارس کی صورتحال پر تبادلہ خیال

روسی نائب وزیر خارجہ کی پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی سے ملاقات

ماسکو (این این آئی) روس کے نائب وزیر خارجہ آندرے رودینکو نے پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال اور خلیج فارس کے حوالے سے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ روسی وزارت خارجہ کے مطابق 26 جون کو روسی نائب وزیر خارجہ آندرے رودینکو نے روس میں تعینات پاکستان کے سفیر فیصل (بقیہ نمبر 29)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر یوم عاشور کے موقع پر راجہ بازار راولپنڈی میں صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

گورنر پنجاب کا مرکزی جلوس کا دورہ، انتظامات پر اطمینان

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی یوم عاشور کے مرکزی جلوس میں آمد، سی پی او کی بریفنگ، سکیورٹی انتظامات کو سراہا گیا

حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانی کی بدولت آج اسلام سربلند ہے اور اہل بیت اطہارؓ سے محبت ہمارے ایمان کا لازمی حصہ ہے

راولپنڈی (این ای این) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے یوم عاشور کے موقع پر راولپنڈی کے راجہ بازار کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مرکزی عاشورہ جلوس کے لیے کیے گئے سکیورٹی اور انتظامی اقدامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام نے انہیں جلوس کے روٹ، سکیورٹی پلان، ٹریفک مینجمنٹ اور عزاداروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم (بقیہ نمبر 8)

آزاد کشمیر کی صورتحال پر جماعت اسلامی ثالثی کیلئے متحرک، اعلیٰ سطحی اجلاس

کمیٹی صدر مملکت، وزیراعظم اور دیگر قومی قیادت سے ملاقاتیں کرے گی، فیصلہ

لاہور (این این آئی) آزاد کشمیر کی صورت حال پر جماعت اسلامی ثالثی کے لیے متحرک ہوگئی ہے اور اس سلسلے میں ایک کمیٹی کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی صدارت میں آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال پر اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی جانب سے حافظ نعیم الرحمٰن کو ثالثی کی پیشکش کا خیر مقدم کیا گیا اور بحران کے حل کے لیے آئندہ حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ حافظ نعیم الرحمٰن صدر مملکت، وزیراعظم پاکستان اور دیگر قومی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے تاکہ آزاد کشمیر کی صورتحال پر مشاورت کی جا سکے اور مسائل کے حل کے لیے قابل (بقیہ نمبر 30)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp 0309-7900035

E-Commerce Website Price: 6000/-

سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارہ امتیاز) کی خصوصی ہدایات پر یومِ عاشورہ کے موقع پر

ریسکیو 1122 مری کا جامع ایمرجنسی کوریج پلان کامیابی سے مکمل

250 سے زائد ریسکیو رز سمیت تمام ایمرجنسی وسائل ہائی الرٹ رہے، 373 افراد کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی

راولپنڈی (این ای این) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز پنجاب، ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارہ امتیاز) کی خصوصی ہدایات کے مطابق یوم عاشورہ 10) محرم الحرام) کے موقع پر ریسکیو 1122 مری نے ضلع مری اور تحصیل کوٹلی ستیاں میں جامع ایمرجنسی کور پلان نافذ کیا جبکہ کوڈ ریڈ بھی برقرار رکھا گیا، عزاداران، مجالس اور جلوسوں کو بروقت، محفوظ اور مؤثر ایمرجنسی سروسز کی فراہمی کے لیے تمام انتظامات مکمل کیے گئے تھے ۔ایمرجنسی کور پلان کے تحت 250 سے زائد ریسکیو رز اور رضاکار مختلف جلوسوں، مجالس اور حساس مقامات پر اپنے فرائض سرانجام (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد پولیس کے 9 اور 10 محرم الحرام کے دوران مثالی سکیورٹی انتظامات

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے 9 اور 10 محرم الحرام کے دوران مجالس اور جلوسوں کیلئے غیر معمولی سکیورٹی انتظامات کرتے ہوئے وفاقی دارالحکومت میں امن وامان کی مثالی فضا برقرار رکھی۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں شہر بھر میں منعقد ہونے والی مجالس اور جلوسوں کیلئے جامع سکیورٹی پلان نافذ کیا گیا۔ 9 محرم الحرام کے موقع پر (بقیہ نمبر 18)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی عزاداروں میں نیاز/تبرک تقسیم کر رہے ہیں

امریکی تحویل سے رہائی، 22 ایرانی کراچی میں قونصل خانے کے حوالے

کراچی/تہران (این این آئی) ایرانی میڈیا نے تصدیق کی ہے کہ امریکا کی تحویل سے رہائی کے بعد ایرانی ٹینکر عملے کے 22 افراد کو ایرانی قونصل خانے کے حوالے کر دیا گیا ہے۔امریکا کی تحویل میں لیے گئے ایرانی ٹینکر کے عملے کے 22 افراد کو کراچی میں ایرانی قونصل خانے کے حوالے کیا گیا۔ایرانی میڈیا کے مطابق بین الاقوامی پانیوں سے (بقیہ نمبر 14)

11 محرم الحرام کے مرکزی جلوس کیلئے راولپنڈی پولیس کے سخت حفاظتی انتظامات

راولپنڈی (این این آئی) 11 محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے موقع پر راولپنڈی پولیس نے فول پروف سکیورٹی اور ٹریفک انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی اقدامات مکمل کر لیے ہیں جبکہ سینئر پولیس افسران خود فیلڈ میں موجود رہ کر انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں۔تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب، چیف ٹریفک آفیسر فرحان اسلم، ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان (بقیہ نمبر 16)

ثانیہ اشفاق کے عماد وسیم پر سنگین الزامات، عماد کا سابقہ اہلیہ کو انتباہ

سابقہ اہلیہ نے عماد وسیم پر بدسلوکی، ذہنی دباؤ اور بچوں سے لاتعلقی کے الزامات عائد کیے

لاہور (این این آئی) پاکستانی کرکٹر عماد وسیم کی سابقہ اہلیہ، معروف ڈیجیٹل میڈیا انفلوئنسر ثانیہ اشفاق نے اپنی ازدواجی زندگی سے متعلق مزید سنگین انکشافات کرتے ہوئے سابق شوہر پر بدسلوکی، ذہنی دباؤ اور بچوں سے لاتعلقی کے الزامات عائد کر دیئے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر نئی پوسٹ شیئر کرتے ہوئے ثانیہ اشفاق نے کہا ہے کہ شادی کے دوران مجھے سخت ذہنی دباؤ اور کنٹرول کرنے والے رویے کا سامنا کرنا پڑا۔ان کے (بقیہ نمبر 13)

جرگے کے حکم پر شادی شدہ خاتون سدرہ عرب کا قتل

ٹرائل راولپنڈی کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت منتقل کر دیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) جرگے کے حکم پر شادی شدہ خاتون سدرہ عرب کے قتل کے کیس کا ٹرائل راولپنڈی کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت منتقل کر دیا گیا۔کیس میں دہشت گردی اور لٹیچنگ کی دفعات شامل کر لی گئی ہیں، مقدمے کی تفتیش انسپکٹر طارق گوندل کو سونپ دی گئی ہے۔واضح رہے کہ ڈسٹرکٹ کورٹ میں ملزمان پر فردِ جرم عائد ہو چکی تھی اور چالان بھی جمع ہو چکا تھا۔ 19 سالہ سدرہ عرب کو جرگے کے حکم پر غیرت کے نام پر گزشتہ سال 16 (بقیہ نمبر 15)

گدھا منڈی میں گدھوں کی قیمتیں لاکھوں روپے تک پہنچ گئیں

قیمت طاقت، رفتار اور کام کرنے کی صلاحیت کے مطابق لگائی جاتی ہے، بیوپاری

بدین (این این آئی) بدین کے علاقے ٹنڈو غلام علی کی گدھا منڈی میں گدھوں کی قیمتیں لاکھوں روپے تک پہنچ چکی ہیں۔ٹنڈو غلام علی کی اس منفرد منڈی میں گدھوں کی مختلف نسلیں ہوتی ہیں جہاں ان کی قیمت بھی لاکھوں میں ہوتی ہے، کوئی گدھا 40 ہزار کا تو کوئی 80 ہزار کا اور خاص نسل کا گدھا تو 5 لاکھ تک میں بھی فروخت ہوتا ہے۔مقامی بیوپاریوں (بقیہ نمبر 17)

ہائی کورٹ میں زیر التواء مقدمات جلد نمٹانے کی ہدایت

ہائی کورٹ میں زیر التواء تمام مقدمات کی جلد سماعت، مؤثر قانونی پیروی اور بروقت تصفیہ یقینی بنایا جائے، انجینئر عامر خٹک

کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، آر ڈی اے کانفرنس روم میں منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) کمشنر راولپنڈی ڈویژن و ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (آر ڈی اے) انجینئر عامر خٹک نے ہدایت کی ہے کہ ہائی کورٹ میں زیر التواء تمام مقدمات کی جلد سماعت، مؤثر قانونی پیروی اور بروقت تصفیہ یقینی بنایا جائے، جبکہ کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ یہ ہدایات انہوں نے آر ڈی اے کانفرنس روم میں منعقدہ ایک اہم (بقیہ نمبر 3)